وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

فوری انصاف کی فراہمی اور بہتر گورننس کے لئے محتسب کے اداروں کو مزید متحرک اور مربوط کیا جائے گا

پاکستان میں محتسب کے ادارے مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں

پاکستان کے محتسبین کی تنظیم فورم آف پاکستان امبڈسمین کا اجلاس

اسلام آباد(   ) پاکستان کے محتسبین کی تنظیم فورم آف پاکستان امبڈسمین (ایف پی او) کے 27ویں اجلاس میں قانون کی حکمرانی، بہتر گورننس کے قیام، سستے اور فوری انصاف کی فراہمی کے لئے پاکستان میں محتسب کے اداروں کو مزید فعال مربوط، موثر اور متحرک کرنے پر زور دیا گیا ہے۔ اجلاس میں اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان میں محتسب کے ادارے عوام الناس کو حکومتی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف مفت اور فوری انصاف کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اجلاس میں محتسب کے اداروں کے نظام کو مزید بہتر اور مفید بنانے کے لئے باہمی رابطوں اور ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھانے پر زور دیا گیا نیز دیگر ممالک کے محتسب کے اداروں اور تنظیموں کے ساتھ روابط مستحکم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں ایف پی او کے سیکرٹیریٹ کے قیام اور نیوز بلیٹن کے اجراء کا بھی فیصلہ ہوا۔ ایف پی او کا یہ اجلاس گزشتہ روز وفاقی ٹیکس محتسب اور ایف پی او کے صدر ڈاکٹر آصف محمود جاہ کی زیر صدارت وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ اسلام آباد میں منعقد ہوا، جس میں وفاقی محتسب کے قیام کے چالیس سال مکمل ہونے پر اس ادارے کی طرف سے عوام الناس کو فوری اور مفت انصاف فراہم کرنے کے حوالے سے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کی کارکردگی کی بھی تحسین کی گئی۔ واضح رہے کہ فورم آف پاکستان امبڈسمین (ایف پی او) کا قیام اپریل 2011ء میں عمل میں آیا۔ پاکستان کے تمام محتسبین ایف پی او کے رکن ہیں جن میں وفاقی محتسب، وفاقی ٹیکس محتسب، وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت، وفاقی انشورنس محتسب، بینکنگ محتسب، محتسب آزاد جموں وکشمیر اور چاروں صوبوں میں صوبائی محتسب اور انسداد ہراسیت کے صوبائی محتسب کے ادارے شامل ہیں۔ اجلاس میں بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے محتسب کے اداروں کے اہم کردار کو بھی سراہا گیا۔ واضح رہے کہ اس وقت ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین کے صدر، OIC امبڈسمین ایسوسی ایشین کے سیکرٹری جنرل اور انٹرنیشنل امبڈسمین ایسوسی ایشین (آئی او آئی) کے ڈائریکٹرز کے عہدے بھی پاکستان کے پاس ہیں۔ اجلاس میں عالمی سطح پر محتسبین کی ان تنظیموں سے روابط بڑھانے اور باہمی تعاون کے فروغ پر زور دیا گیا نیز اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ عوام الناس کو ان کے حقوق اور محتسبین کے اداروں کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ فورم آف پاکستان امبڈسمین کے ممبران کا آپس میں رابطہ بڑھایا جائے گا اور اس مقصد کے لئے ایف پی او سیکرٹیریٹ کا قیام عمل میں لایا جائے گا تاکہ اس پلیٹ فارم سے حکومتی ایجنسیوں کی بدانتظامی، اقرباء پروری اور اس نوعیت کے دیگر مسائل کے خلاف عام آدمی کو مستقل بنیادوں پر فائدہ پہنچایا جا سکے۔ اجلاس میں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی، وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ، بینکنگ محتسب محمد کامران شہزاد، وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت محترمہ فوزیہ وقار، سیکرٹری صوبائی محتسب پنجاب سید طاہر رضا، صوبائی محتسب بلوچستان نذر محمد بلوچ، صوبائی محتسب برائے انسداد ہراسیت پنجاب محترمہ نبیلہ خان، صوبائی محتسب برائے انسداد ہراسیت بلوچستان محترمہ نورجہاں مینگل، صوبائی محتسب برائے انسداد ہراسیت خیبر پختونخواہ محترمہ رخشندہ ناز نے شرکت کی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

21مارچ2023ء